PAKISTAN CRICKET BOARD
MEDIA RELEASE

پی سی بی کا شاہد محمود کی وفات پر اظہارِ تعزیت

لاہور، 14 دسمبر 2020ء:

پاکستان کرکٹ بورڈ نے سابق ٹیسٹ کرکٹر شاہد محمود کی وفات پر تعزیت کا اظہار کیا ہے۔ گزشتہ روز انتقال کرنے والے سابق ٹیسٹ کرکٹر کی عمر 81 سال تھی۔

شاہد محمود نے 1962 میں انگلینڈ کے خلاف پاکستان کی جانب سے واحد ٹیسٹ میچ کھیلا۔

تجربہ کار کرکٹر نے 14 سال فرسٹ کلاس کرکٹ کھیلی، جہاں انہوں نے 66 میچوں میں 89 وکٹیں حاصل کرنے کے ساتھ ساتھ 3117 رنز بھی بنائے۔ اس دوران انہوں نے کراچی، پاکستان یونیورسٹیز اور پبلک ورکس ڈیپارٹمنٹس کی نمائندگی کی۔

انہوں نے قائداعظم ٹرافی 70-1969 میں کھیلے گئے میچ کی ایک اننگز میں دس کھلاڑیوں کو پویلین کی راہ دکھائی تھی، وہ یہ کارنامہ سرانجام دینے والے واحد پاکستانی کرکٹر تھے۔

احسان مانی، چیئرمین پی سی بی:

پاکستان کرکٹ بورڈ کے چیئرمین احسان مانی کا کہنا ہے کہ پی سی بی شاہد محمود کی وفات پر افسوس کا اظہار کرتا ہے، وہ ایک تجربہ کار فرسٹ کلاس کرکٹر تھے جنہوں نے ڈومیسٹک کرکٹ میں اپنی ایک پہچان بنائی۔ احسان مانی نے کہا کہ پی سی بی سابق کرکٹر کے اہل خانہ اور دوست احباب کے دکھ میں برابر کا شریک ہے۔

– ENDS